پیپر اُردو سال دوم ایچ ایس ایس سی-II (اسباق: ۴-۵، غزل: ۹، مضامین: ۱-۲، امدادی افعال، تشبیہ، سکتہ، رابطہ)

وقت: 40منٹ

## حصہ اول (کل نمبر 5)

سوال نمبر ۱۔ دیے گئے الفاظ یعنی الف/ب/ج/د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔ 5

(i) جہاں تک اس برعظیم کا تعلق ہے__________کے بعد ہمارا محاذ یکسر بدل چکا ہے۔

(الف) قیامِ پاکستان (ب) تحریک خلافت (ج) جنگ آزادی (د) تقسیم ہند

(ii) اسی عرصے میں ایک شخص آیا کہ لباس اہل اسلام کا رکھتا تھا مگر چال ڈھال یونانیوں والی:

(الف) افلاطون (ب) بقراط (ج) بو علی سینا (د) ارسطو

(iii) اقبال کی غزل کی رو سے تیرے چرچے بڑی مدت سے کن لوگوں میں ہیں؟

(الف) دوستوں (ب) اجالوں (ج) باریک بینوں (د) ہمسائیوں

(iv) سکتہ کی تعریف ہے:

(الف) مکمل ٹھہراؤ (ب) مختصر ٹھہراؤ (ج) تفصیل بیان کرنا (د) جملوں کا ملانا

(v) گھوڑا گاڑی:__________

(الف) بک گئی (ب) بک گیا (ج) بک گئے (د) بک گئیں

## حصہ دوم (کل نمبر 15)

سوال نمبر 2۔ درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جواب لکھیں۔ (5x3=15)

(i) اقبالؒ کا تصورِ پاکستان اس کے آفاق گیر تصورِ ملت سے کیوں نسبت نہیں رکھتا تھا؟

(ii) ٹیپو سلطانؒ، سلطان عبدالحمید ثانیؒ، سید جمال الدین افغانیؒ اور علامہ اقبالؒ کس مشترک تصوّر کے مبلغ تھے؟

(iii) وصل کا وقت جلد کیوں بیت جاتا ہے؟ (بحوالہ علامہ اقبال کی نصابی غزل)

(iv) اقبال کے نزدیک خود پر نکتہ چینی کا کیا مطلب ہے؟

(v) تشبیہ کی تعریف کریں اور مثال دیں۔

## حصہ سوم (کل نمبر 15)

سوال نمبر 3۔ ''اِسلام ایک مکمل ضابطہ حیات'' کے عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ 15

adabiduniya.com